شعبۂ تعلیم (اسلامی بہنیں)

کے مَدَنی پھول



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

"حسبِ حال علمِ دین سیکھنا فرض ہے" کے 23 حروف

کی نسبت سے شعبۂ تعلیم (اسلامی بہنیں) کے 23 مَدَنی پھول

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوتِ اسلامی)﴾

فرامینِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ :

- طَلَبَہ مُلک و ملّت کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں مستقبل میں مُلک کی باگ ڈور یہی سنبھالتے ہیں اگر اِن کی شریعت و سنّت کے مطابق تربیت کر دی جائے تو پورا معاشرہ خوفِ خدا عزَّوَجَلَّ و عشقِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلَّم کا گہوارہ بن جائے۔
- شعبۂ تعلیم میں مَدَنی انعامات کا سلسلہ جاری کریں۔
- ہاسٹل میں مدرسۃ المدینہ بالغان قائم کریں کہ مدرسۃ المدینہ بالغان انفرادی کوشش کے بہترین مواقع فراہم کرتا ہے۔
- 26 تعلیمی اداروں میں اب تک نصاب میں کفریہ کلمات کے بارے میں سوال وجواب، نماز کے احکام شامل ہو چکے ہیں۔ اسلامی بہنیں بھی کوشش کریں کہ اسلامی بہنوں کے تعلیمی اداروں میں پردے کے بارے میں سوال جواب اور اسلامی بہنوں کی نماز کو نصاب میں ضرور شامل کریں۔ (مدنی چینل پر مدنی مذاکرہ ماہِ ربیع النور 1433ھ)

☆ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِیَّۃُ الۡمُؤۡمِنِ خَیۡرٌ مِّنۡ عَمَلِہٖ۔

یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)

اس لیے ہر ذمہ دار اسلامی بہن یہ نیت کرتی رہے: " میں اللہ عزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کی " **مجلسِ شعبۂ تعلیم** " کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی، اِنۡ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ۔"

﴿1﴾ مجلس شعبۂ تعلیم (اسلامی بہنیں) کا کام خواتین کے تمام گورنمنٹ، پرائیویٹ اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، انسٹیٹیوز، اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز اور تعلیمی دفاتر سے منسلک خواتین میں تبلیغِ قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدَنی مقصد " مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنۡ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ " کے مطابق زندگی گزارنے کا مدنی ذہن دینا ہے۔

﴿2﴾ مجلس شعبۂ تعلیم کی تمام اسلامی بہنیں پردے، چندے، رشوت، تعلقات اور مداہنت کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً پردے کے بارے میں سُوال جواب چندے کے بارے میں سوال جواب، فیضان سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 تک، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449، بہار شریعت، جلد سوم حصہ 16 ، نیز فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 تک اور "دارالافتاء اہلسنّت" سے ضرور تاً رہنمائی بھی لیتی رہیں۔

﴿3﴾ مجلس شعبۂ تعلیم کی تمام ذمہ داران صبح کے اوقات میں اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، انسٹیٹیوز، تعلیمی دفاتر اور شام کے اوقات میں (مغرب سے پہلے پہلے) اکیڈمیز اور ٹیوشن سنٹرز وغیرہ میں مدنی کام کرنے کا جدول بنائیں۔

☆ مجلس شعبۂ تعلیم سال بھر وقتاً فوقتاً ذمہ دار اسلامی بہن شعبۂ تعلیم کے مشورے سے مختلف تعلیمی اداروں میں اجتماعات کا سلسلہ جاری رکھیں اور ان سنتوں بھرے اجتماعات میں ڈویژن / کابینہ / کابینات ذمہ دار اسلامی بہن کے بیانات کی ترکیب کریں۔ ان سے پرنسپل، اساتذہ اور دیگر اسٹاف کی ملاقات بھی کروائیں۔ مختلف مواقع پر تعلیمی اداروں میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے بیانات / مَدَنی مذاکروں اور مکتبۃ المدینہ سے جاری کردہ VCDs / DVDs کی ترکیب کریں، مکتبۃُ المدینہ کی دیگر مطبوعات کا بستہ لگایئے اور مخیر اسلامی بہنوں کو لنگرِ رسائل و کتب کی ترغیب دلائیں۔ (لنگرِ رسائل سے مراد مکتبۃ المدینہ سے کتب و رسائل یا VCD وغیرہ خرید کر مفت تقسیم کرنا ہے۔) نیز تعلیمی اداروں میں (طالبات، اساتذہ و دفتری عملہ (صرف خواتین کو) وغیرہ) دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net کا تعارف کروائیں۔

﴿4﴾ شعبۂ تعلیم سے وابستہ اسلامی بہنوں کی فہرست بنا کر رابطہ مضبوط کریں اور مدنی کاموں میں شرکت کروائیں۔ تعطیلات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ پیشگی مدنی مشورے کرکے انہیں مختلف کورسز مثلاً فیضان تجوید و نماز کورس، فیضانِ عقائد کورس وغیرہ کرنے کی ترغیب دلائیں۔

☆ مختلف کورسز مثلاً فیضان تجوید و نماز کورس، فیضانِ عقائد کورس وغیرہ میں داخلہ لینے والی شخصیات و طالبات سے وقتاً فوقتاً رابطے کی ترکیب بنائیں۔

﴿5﴾ تعلیمی اداروں میں نئی آنے والی اساتذہ و طالبات اور اسٹاف اور اسی طرح تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل ہونے والی اور مزید تعلیم کے لئے بیرون ملک جانے والیوں سے ملاقات و انفرادی کوشش نیز لنگرِ رسائل (رسائل، کتب، vcd وغیرہ) کی بھی ترکیب کریں۔ ان کے مکمل کوائف مثلاً تعداد، نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبرز اور تعلیمی

ادارہ وغیرہ جمع کریں، ان سے مسلسل رابطہ رکھیں اور اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کی مدد سے اُن کی متعلقہ علاقہ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو پیش کریں۔ بیرونِ ملک تعلیم کے لیے جانے والیوں کا رابطہ نمبر وغیرہ islamibahan@gmail.com پر میل(Mail) کر دیں۔

﴿6﴾ شعبۂ تعلیم سے وابستہ شخصیات سے ملاقات و انفرادی کوشش:

☆ ملاقات کی ابتداء میں ضرور تاً تعارف یعنی تنظیمی ذمہ داری، اپنی تعلیمی قابلیت (Educational Qualification) بیان کرنا مفید ہے۔

☆ اپنا تعارف صرف دعوتِ اسلامی کی شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کے حوالے سے کروائیں۔

☆ پھر ایک اسلامی بہن موقع کی مناسبت سے ترغیبی کلام فرمائیں۔ (مثلاً نماز و دیگر ارکان اسلام کے فضائل، عاشورہ، ربیع النور، رجب، شعبان، رمضان، شوال، عیدین، ذوالحج، راہ خدا میں سفر، راہ خدا میں خرچ کے فضائل وغیرہ)

☆ دورانِ ملاقات شعبۂ تعلیم سے وابستگان کو دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں اور اُس کے شعبہ جات مثلاً مجلس شعبۂ تعلیم، مجلس آئی ٹی دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ www.dawateislami.net وغیرہ کا تعارف کروائیں۔ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت، بانئ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو البلال محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتھم العالیہ کی مرید یا طالب بنائیں۔

☆ دوران گفتگو اُن کی ہر بات پر ہاں میں ہاں ملائیں نہ سر ہلا کر تائید کریں، اِختلافی مسائل، فُضول گفتگو اور سیاسی معاملات پر گفتگو سے مکمل اِجتناب کریں۔ اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے خوفِ خدا و عشقِ مصطفی، اِخلاص و اخلاقِ حَسَنہ، اوصافِ انبیاء وصحابہ و اولیاء (علیہم الصلوۃ والسلام وعلیہم الرضوان) اُمّت کی اصلاح کے لیے دعوتِ اسلامی اور بانئ دعوتِ اسلامی دامت برکاتھم العالیہ کا کردار باصفا جیسے عنوانات پر ہی گفتگو کریں۔ ملاقات مختصر (5 سے 12 منٹ) ہو، لیکن اگر دلچسپی ظاہر کرے اور مزید وقت کی ضرورت و صورت بنتی ہو تو ضرور ترکیب کریں اور ان سے تحریری تاثرات حاصل کر کے مع تفصیلات اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

☆ حدیثِ پاک میں ہے: "تَہَادوا تَحَابُّوا " یعنی "ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔" (موطا امام مالک، جلد 2 صفحہ 407 رقم 1731) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پر ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیر اسلامی بہنوں سے ترکیب بنا کر مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل اور VCD's وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔ بہتر ہے کہ شعبۂ تعلیم سے وابستگان کو اُن کے شعبے سے متعلق مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب و رسائل / کیسٹیں / vcd تحفۃً دیں تا کہ ان کی دلچسپی میں اضافہ ہو۔ جو رِسالہ / کتاب VCD / پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں تحریر کرلیں تا کہ آیندہ ملاقات میں کوئی اور رِسالہ / کتاب VCD / پیش کی جاسکے۔

☆ مضبوط اور مسلسل رابطہ ہماری مجلس کے مدنی کام کی جان ہے، جن کی خدمت میں حاضر ہوں اُن کا نام اور فون نمبر وغیرہ حاصل کر کے فہرست مرتب کریں اور بالمشافہ، SMS، E-Mail، ضرورتاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔

☆ ان کے مکمل کوائف مثلاً تعداد، نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبرز وغیرہ اپنی مشاورت کی ذمہ دار اسلامی بہن اور مجلس شعبہ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کو بھی پیش کریں تاکہ ضرورتاً اُن سے فوری رابطہ کیا جاسکے۔

☆ ہر سطح کی شعبۂ تعلیم ذمہ داران کی اس طرف بھی توجہ ہونی چاہیئے کہ جس شخصیت سے ترکیب بنا رہے ہیں اس سے کیا کیا دینی فوائد ہوسکتے ہیں۔

☆ شخصیات سے رابطوں کا مقصد فقط اللہ عزوجل کی رضا کا حصول اور نیکی کی دعوت کا پیغام عام کرنا ہو، ذاتی اغراض ومقاصد اور ذاتی نفع کا حصول ہرگز ہرگز نہ ہو۔

☆ کسی بھی شخصیت یا شعبہ تعلیم سے وابستہ اسلامی بہنوں کو اپنے بجائے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی ذاتِ مبارکہ اور دعوت اسلامی کا شیدائی بنائیں اور موقع کی مناسبت سے امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی مرید یا طالب بنائیں۔

☆ تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات یا اسلامی بہنیں اگر شرعی مسائل، خوابوں کی تعبیر اور استخارہ کے بارے میں معلوم کریں تو "**دارالافتاء کے رابطہ نمبرز**" کی مدد سے رابطہ نمبرز دے دیئے جائیں۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ تعلیمی اداروں سے وابستہ اسلامی بہنوں اور اہم شخصیات کو دعوتِ اسلامی کے جامعات المدینہ (للبنات)، مدرسۃ المدینہ (للبنات) اور دارالمدینہ میں visit کی دعوت دیں اور علاقے کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں شرکت کروائیں۔(**Visit Detail For Dar-Ul-Madinah** ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ شعبہ تعلیم سے وابستہ قابل اسلامی بہنوں کو دارالمدینہ میں تدریس کے لئے اور ان کے کوائف ہر ماہ تنظیمی ترکیب کے مطابق شعبۂ تعلیم ذمہ دار (کابینہ سطح) کے ذریعے دارالمدینہ ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) کو جمع کروائیں۔("**دارالمدینہ میں تدریس کے لئے تیار ہونے والی 12 اسلامی بہنوں کے کوائف**" ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ کسی بھی شخصیت سے ملاقات کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے ان 2 مدنی کاموں کا بھرپور ذہن دے کر مدنی نیتیں کروائیں

(i) ہفتہ وار اجتماع میں اول تا آخر شرکت کرنا۔

(ii) مکتبۃ المدینہ سے جاری کردہ بیان روزانہ سننا / مدنی مذاکرہ دیکھنا۔

﴿7﴾ تعلیمی اداروں میں درس اجتماع کی ترکیب:

☆ وقتاً فوقتاً علاقے کی بہترین مبلغات کے ذریعے مختلف تعلیمی اداروں مثلاً اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز ،اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز وغیرہ میں مَدَنی ماحول بنانے کے لئے کسی بھی مناسب مقام پر(درجے کے کمرے، اسمبلی ہال، لائبریری، لان وغیرہ میں)ماہانہ یا ہفتہ وار درس اجتماع کی ترکیب مدنی مرکز کے عطا کردہ مدنی پھولوں کے مطابق بنائیں۔

☆ تمام اداروں میں درس کی مکمل ترکیب "**فیضانِ سنت سے درس دینے کا طریقہ** (اسلامی بہنوں کے لیے)" کے مطابق ہی بنائی جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ اگر زیادہ وقت ملے تو درج ذیل جدول کے مطابق ترکیب بنائی جائے۔

جدول

تلاوت	2منٹ
نعت شریف	3منٹ
بیان	دورانیہ کے لحاظ سے ترکیب بنائی جائے۔(مثلاً کہیں 12منٹ، 19منٹ، 25منٹ کی اجازت ملے)
دعا	4منٹ
صلٰوۃ وسلام	3منٹ
کل دورانیہ	کم وبیش 24 (ڈبل بارہ) سے لے کر 35منٹ ہو۔

("**اداروں میں درس/ بیان کے موضوعات**(شعبۂ تعلیم کے لیے)"اور"**اداروں میں مخصوص ماہ کی مناسبت سے درس/ بیان کے موضوعات** (شعبۂ تعلیم کے لیے)" ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ اداروں میں درس دینے والی مبلغات "**مدنی پھول برائے مبلغہ**" کے مطابق ہی ترکیب بنائیں۔

("مدنی پھول برائے مبلغہ" ،"اصطلاحات" ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ ہر ماہ مبلغات درس اجتماعات کی مکمل کارکردگی پیش کریں مثلاً کتنی اساتذہ، طالبات واسٹاف ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی پابند ہوئیں ؟، کتنی امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ سے بیعت ہوئیں؟ کتنی کو رسائل پہنچائے گئے؟ کتنی نے مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں داخلہ لے لیا؟ وغیرہ۔ نیز ہر ماہ مبلغات کی بہترین کارکردگی پر انہیں "مدنی تحفہ" (تحریری مواد، V.C.Ds وغیرہ) دیں۔

☆ شعبۂ تعلیم کی ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) مہینے میں ایک یا دوبار مبلغہ کے ساتھ درس اجتماع میں شرکت فرمائیں (تاکہ انتظامیہ کو تشویش نہ ہو)اور مدنی پھولوں کے مطابق تمام معاملات پر غور فرمائیں کمزوریاں ہونے کی صورت میں احسن انداز میں مبلغہ واداروالوں کی تفہیم فرمائیں۔

☆ درس کے لئے ادارے کی انتظامیہ سے مشاورت کے بعد جو دن اور وقت مقرر ہو اسی دن اور وقت پر ہی درس کی ترکیب بنائیں نہ تو بار بار دن تبدیل کریں اور نہ ہی ناغہ کریں نیز جن تعلیمی اداروں میں درس کی ترکیب ہو وہاں مکتبۃ المدینہ (للبنات) کا بستہ لگانے کی ترکیب بھی بنائیں اور رسائل، کتب، vcd وغیرہ اسی قیمت پر فروخت کریں جس قیمت پر مکتبۃ المدینہ سے حاصل ہو۔

☆ مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل کو پڑھنے کی ترغیب بھی دلائیں اور ہو سکے تو اسکول، کالج، لائبریری میں رسائل رکھنے کی ترکیب بنائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تاملک سطح) اور مبلغات جن اساتذہ وطالبات وعملے (Staff) پر انفرادی کوشش فرمائیں ضرور تاً انہیں "**ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے تحریری دعوت کی پرچیاں**" دے کر اجتماع میں شرکت کی ترغیب دلائیں۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ تعلیمی اداروں میں جن اسلامی بہنوں کا ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کا ذہن بن جائے اور ان کی رہائش دوسروں علاقوں میں ہو تو ان اسلامی بہنوں کے نام، فون نمبرز اور مکمل پتے متعلقہ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو تنظیمی ترکیب کے مطابق پیش کر دیں تاکہ وہ اُن اسلامی بہنوں کو اجتماع میں شرکت کرواسکیں۔

☆ شعبۂ تعلیم کی ذمہ داران (علاقہ تاملک سطح) اور مبلغات کے پاس اپنے شہر / علاقے میں ہونے والے تمام سنتوں بھرے اجتماعات کے ایڈریس موجود ہوں تاکہ تعلیمی اداروں میں ہونے والے درس اجتماع میں دوسرے علاقوں سے آنے والی طالبات کو ان کے رہائشی علاقے میں ہونے والے سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتایا جاسکے۔

☆ اسکول، کالجز وغیرہ میں نوٹس بورڈ پر سنتوں بھرے اجتماع کے ایڈریس اور نیکی کی دعوت لکھ کر آویزاں کی جاسکتی ہے۔

☆ اسکولز / کالجز وغیرہ میں درس کی ترکیب الگ الگ کلاسوں میں ہو اور اگر بہتر کارکردگی سامنے نہ آئے تب بھی ہمّت نہ ہاریں، بالخصوص پرنسپل، ٹیچرز وغیرہ پر انفرادی کوشش کا سلسلہ جاری رکھیں۔

☆ علاقے کے تمام تعلیمی اداروں میں درس کی اجازت کے لئے انفرادی کوشش کریں۔ (یاد رہے! درس شروع کروانے کے لئے کسی "اجازت نامے" کی حاجت نہیں ہے)

☆ جن اداروں میں درس ہوتا ہے وہاں مکتبۃ المدینہ کی کتب کو نصاب میں شامل کرنے کی ترغیب دلائیں۔

☆ جن تعلیمی اداروں میں درس کی ترکیب بنائی جائے وہاں کی سربراہان (خواتین) کو شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کے اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کو سربراہان (خواتین) کے رابطہ نمبرز دے دیئے جائیں تاکہ حسب ضرورت رابطہ کیا جاسکے۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تاملک سطح) کے پاس ان کے زیر حدود تمام تعلیمی اداروں مثلاً اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، اکیڈمیز، ٹیوشن سینٹرز وغیرہ کے ناموں کی فہرست موجود ہوں تاکہ پوچھ گچھ (Follow Up) ہو سکے کہ کہاں درس ہو رہا ہے، کہاں نہیں اور کن نئے تعلیمی اداروں میں درس کی ترکیب شروع کروانی ہے۔

☆ شعبۂ تعلیم کی ذمہ داران تمام مبلغات کی فہرست بھی بنائیں تا کہ اداروں میں جانے والی مبلغات کی پوچھ گچھ (Follow Up) کی ترکیب بھی بنائی جاسکے اور مزید مبلغات پر انفرادی کوشش کرکے انہیں آگے لایا جاسکے۔

☆ علاقے کی وہ مبلغات جو ذیلی وحلقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کی انفرادی کوشش کے باوجود اداروں میں درس دینے کے لیے تیار نہیں ہوتیں تو شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا کابینہ سطح) ان پر انفرادی کوشش فرمائیں۔

☆ تعلیمی اداروں میں درس وبیان کی ترکیب اسی صورت میں بنائیں جب منتظمین کی طرف سے ہر لحاظ سے پردے کی مکمل یقین دہانی کروائی جائے (مثلاً آواز کی بھی بے پردگی نہ ہو، ٹینٹ وغیرہ میں یا Open Area میں ترکیب نہ بنائی جائے اور نہ ہی مردوں کی آمد ورفت ہو)

☆ جن اداروں میں کیمرے نصب ہوں وہاں درس کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

☆ ایسے ادارے جہاں غیر قانونی کام ہوتا ہے وہاں درس کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

☆ یومیہ درس کی ترکیب نہ بنائی جائے اس طرح مبلغات کو استقامت ملنا مشکل ہوتی ہے۔(یادرہے! اداروں میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی اجازت نہیں) اجتماع ذکر ونعت ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) کی مدد سے مدنی مرکز کے طریقے کے مطابق اجتماعِ ذکر ونعت کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے۔

☆ جن اداروں کے سربراہان مرد ہوں وہاں درس شروع کرنے کی اجازت لینے کے لئے شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) محرم کے ذریعے نگرانِ علاقائی مشاورت (اسلامی بھائی) سے ترکیب بنائیں بصورت دیگر درس جاری نہ کریں۔

﴿8﴾ تعلیمی اداروں میں مدرسۃ المدینہ(بالغات)کی ترکیب

شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) تعلیمی ادارے میں مدرسہ لگانے کی اجازت ملنے کی صورت میں مدرسۃ المدینہ (بالغات) ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) کے ذریعے 1 گھنٹہ 12 منٹ مدرسۃ المدینہ (بالغات) کی ترکیب بنائیں۔ (یادرہے! مدرسے میں مُدرِّسہ کی بلاناغہ جانے کی ترکیب ہو ورنہ غیر حاضری کی صورت میں مدنی کام کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے اور مدرسۃ المدینہ بالغات کی ترکیب دن میں ہی کی جائے)

☆ اگر ادارے والے کم وقت کا کہیں تو پڑھنے والیوں کی تعداد کو پیشِ نظر رکھ کر جدول کے مطابق ہی ترکیب بنانے کی کوشش کی جائے لیکن 30 منٹ تو ضرور ہوں۔

☆ اگر کہیں ادارے والے فقہ سکھانے کا کہیں تو انہیں مدرسۃ المدینہ (بالغات) لگانے کی ترغیب دلائی جائے کہ اس کے جدول میں فقہ بھی شامل ہے۔

☆ تعلیمی ادارے سے وابستہ ایسی شخصیات جو ملازمت وغیرہ کرنے کے سبب مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں شرکت نہ کرسکیں اور بعدِ مغرب قرآنِ پاک پڑھنے کے لیے مبلغہ کو بلائیں تو بعدِ مغرب ترکیب کے لیے معذرت کرلی جائے۔

☆ کسی اسکول میں اگر مدرسۃ المدینہ (بالغات) کی ترکیب ہو اور پڑھنے والیوں میں مدنی منیاں اور بالغات دونوں شامل ہوں تو پھر وہاں 2 مدرسات کی ترکیب بنائی جائے جن میں سے ایک مدنی منیوں کو اور ایک بالغات کو پڑھائے۔

☆ اگر کسی اسکول وغیرہ میں تجوید کی درستی کے لئے ہماری مُدرسہ کو بلایا جائے تو انہیں بھیجا جا سکتا ہے تاکہ مدرسات کے ذریعے ان اسکولز میں بھی دعوت اسلامی کا مدنی پیغام پہنچایا جاسکے اور اگر مُدَرسہ کا معاشی مسئلہ ہو تو وہ بھی حل ہو جائے۔

﴿9﴾ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) اساتذہ وطالبات میں فوری طور پر مدنی انعامات رائج کرنے کے بجائے ابتداً مدنی انعامات کا رسالہ "تحفۃً" پیش کیا جائے پھر آہستہ آہستہ انفرادی کوشش کے ذریعے عمل کی ترغیب دلائی جائے۔

☆ شعبہ تعلیم کی ذمہ داران، شعبہ تعلیم سے مدنی انعامات کی عاملات کی تعداد مدنی انعامات ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) کو جمع کروائیں۔

﴿10﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

شعبۂ تعلیم کے مدنی کام کے لیے ذمہ داران کا تقرر علاقہ تا عالمی سطح ہے۔

☆ مجلس شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن اطاعت گزار، ملنسار، وفادار، بکردار، اخلاق، سلجھی ہوئی ہوئی، سنجیدہ، تعلیم یافتہ، بیان کی صلاحیت (Speaking Power) رکھنے والی، خود اعتماد، احساسِ ذمہ داری رکھنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، مدنی انعامات کی عاملہ، دعوتِ اسلامی کے مدنی اصولوں کی آئینہ دار، اصطلاحاتِ دعوتِ اسلامی سے واقف اور سیاسی معاملات (ہڑتال، احتجاج وغیرہ) پر تبصرہ کرنے سے بچتی ہو، مدنی مشوروں اور تربیتی حلقے کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہوں یعنی عملی طور پر مدنی کاموں میں شریک ہوں۔

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے میں اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس مدنی کام کی اہل ہیں؟ 11 مئی 2009 کے نگرانِ شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی موجود ہے کہ:

"اَہل اور ہم ذھن کو مدنی کام دیئے جائیں۔"

ذمہ دار اسلامی بہن	سطح	نمبر شمار
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح)	علاقہ	1
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح)	ڈویژن	2
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح)	کابینہ	3
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح)	کابینات	4
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح)	ملک	5
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ممالک سطح)	ممالک	6
شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح)	عالمی	7

﴾11﴿ **ماہانہ اہداف**: ہر ماہ مدنی کاموں کا ہدف ذمہ دار اسلامی بہنوں کو دیا جاتا ہے لہٰذا شعبۂ تعلیم کے مدنی کاموں کا ہدف پورا کرنے کے لئے شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ممالک سطح) خوشدلی کے ساتھ بھرپور کوشش فرمائیں۔ مجلس کی ہر سطح کی ذمہ داران شعبۂ تعلیم میں مَدَنی انعامات اور دیگر مدنی کاموں کے ماہانہ اہداف طے کریں اوراس کے لیے بھرپور کوشش بھی فرمائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم کی ڈویژن / کابینہ سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن ہر ماہ کم از کم 12 تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات سے ملاقات کریں۔

﴾12﴿ **ماہانہ مَدَنی مشورے و مَدَنی پھول**:

شعبۂ تعلیم (اسلامی بہنیں) کی ذمہ داران کو چاہیئے کہ ہر سطح کے مدنی مشوروں میں فکرِ مدینہ کروائیں۔

نمبر شمار	مدنی مشورہ لینے والی	سطح	شرکاء	مدنی پھول
1	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح)	ڈویژن	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف
2	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح)	کابینہ	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف
3	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح)	کابینات	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف
4	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح)	ملک	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف
5	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ممالک سطح)	ممالک	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف
6	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح)	عالمی	شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ممالک سطح)	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف

﴾13﴿ **ماہانہ مدنی مشورہ کرنے کی مدنی تاریخیں**: ☆علاقہ: 3 ☆ڈویژن: 6 ☆کابینہ: 8 ☆کابینات: 10 ☆ملک: 12 ☆ممالک: 16 ☆عالمی: 18 ضرورتاً مدنی مشورے کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لئے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لئے مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔ اگر کسی کابینہ میں اس شعبے پر ڈویژن سطح پر ذمہ دار مقرر نہ ہو تو پھر یہ مشورہ مجلس مشاورت ذمہ دار لے لیں۔

☆ اگر کسی ماہ کابینات ذمہ دار اسلامی بہن یا کابینہ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن مدنی مشورہ کریں تو اس شعبے کی کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن الگ سے مدنی مشورہ نہ کریں۔

﴾14﴿ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) مدنی ماہ کی 3 تاریخ تک "علاقہ کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ"، "جدول "اور "ماہانہ پیشگی جدول" پُر فرما کر اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) کو جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) مدنی ماہ کی 5 تاریخ تک "ڈویژن کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ"، "جدول "اور "ماہانہ پیشگی جدول" پُر فرما کر اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) کو جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک "کابینہ کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ" "جدول "اور "ماہانہ پیشگی جدول" پُر فرما کر اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) اور مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینہ سطح) کو جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) مدنی ماہ کی 9 تاریخ تک "کابینات کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ" پُر فرما کر اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار (ملک سطح) کو اور مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (کابینات سطح) کو بذریعہ میل (mail) جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) مدنی ماہ کی 11 تاریخ تک "ملک کارکردگی شعبہء تعلیم مع تقابلی جائزہ" پُر فرما کر مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک سطح) کو جمع کروانے کے ساتھ ساتھ اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار (ممالک سطح) کو بذریعہ میل (mail) جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ممالک سطح) مدنی ماہ کی 13 تاریخ تک "ممالک کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ" پُر فرما کر اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار (عالمی سطح) کو بذریعہ میل (mail) جمع کروائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح) مدنی ماہ کی 15 تاریخ تک "عالمی کارکردگی شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ" پُر فرما کر نگران مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں (رکن شوریٰ) کو بذریعہ میل (mail) جمع کروائیں۔

(علاقہ تا عالمی کارکردگی "**شعبۂ تعلیم مع تقابلی جائزہ**"، ریکارڈ فائل میں جبکہ "**جدول** "اور" **ماہانہ پیشگی جدول**"، "مدنی پھول برائے مجلس رابطہ" میں موجود ہیں۔)

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا عالمی سطح) "علاقہ تا عالمی کارکردگی شعبۂ تعلیم" اپنی ماتحت ذمہ داران کی کارکردگیوں کو مدِّ نظر رکھ کر پُر فرمائیں۔

(یاد رہے! کارکردگی مدنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴿15﴾ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً سنتوں بھرے اجتماع و مدنی مشورے کی پابندی، تعلیمی اداروں میں درس اجتماع کارکردگی بہتر ہونے، مبلغات کی تعداد میں اضافہ ہونے اور ہر ماہ کارکردگی مقررہ وقت پر جمع کروانے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مدنی تحفہ (تحریری مواد، V.C.Ds، کیسٹ وغیرہ) دینے کی ترکیب بنائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) ہر ماہ مبلغات کی بہترین کارکردگی پر انہیں "مدنی تحفہ" (کتب و رسائل/vcd's/کیسٹ وغیرہ) سے نوازتے ہوئے حوصلہ افزائی فرمائیں۔ (یاد رہے! مدنی عطیات سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

☆ جس کتاب / کیسٹ / vcd کا تحفہ دیا جائے تحفہ دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ "کتنے دن تک پڑھ یا سُن لیں گی؟"

﴿16﴾ اگر کہیں شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) مقرر نہیں یا اگر مقرر تو ہیں مگر شدید عذر کی بناء پر مدنی کام نہیں کر پا رہی ہوں تو اس سطح کی مجلسِ مشاورت ذمہ دار کے ذریعے کارکردگی تیار کروائی جائے۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) اگر کبھی شدید عذر کی بناء پر کسی ماہ مدنی کام کی ترکیب نہ بنا سکتی ہوں تو قبل از وقت اپنی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو لازمی اطلاع دے دیں تاکہ وہ باآسانی مدنی کام کی ترکیب بنا سکیں۔

﴿17﴾ ہر ماہ مبلغات کے ذریعے جو مدنی بہاریں موصول ہوں اگر وہ نامکمل ہوں تو مکمل پُر کر کے شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) کے ذریعے ڈویژن مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروا دی جائیں تاکہ وہ "مدنی بہار فارم" میں موجود پوسٹل ایڈریس پر یہ مدنی بہاریں پوسٹ کر دیں۔ ("**مدنی بہار فارم**" ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿18﴾ علاقے کے تمام تعلیمی اداروں میں درس دینے والی مبلغات جمادی الاولیٰ میں تربیت کے لیے شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) مدنی پھول وغیرہ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو قبل از وقت پیش کر دیں اور ان سے یہ بھی عرض کر دی جائے کہ تربیتی بیان کی تیاری کے لیے مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب و رسائل "احساسِ ذمہ داری"، "انفرادی کوشش"، "انمول ہیرے"، اور حسبِ ضرورت "مدنی پھول برائے مبلغہ" اور شعبۂ تعلیم سے متعلق مدنی مذاکرات سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

﴿19﴾ اگر کسی شہر میں بنتِ عطار سلّمہا الغفّار تشریف فرما ہوں تو متعلقہ کابینات و کابینہ ذمہ دار اسلامی بہن کی اجازت سے اس شہر کے سنتوں بھرے اجتماع کے آخر میں شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) اپنی کابینہ مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کی مدد سے شہزادیٔ عطار سے شخصیات کی ملاقات کی ترکیب بنائیں۔

☆ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتی رہیں۔ جو بھی تنظیمی اسلامی بہن اپنی ذمہ دار سلامی بہن سے مربوط رہے گی وہ اتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) سنتوں بھرے اجتماع، تربیتی حلقہ اور مدنی مشوروں میں اپنی مجلسِ مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت لے کر واپسی کی ترکیب بنائیں۔

﴿20﴾ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) ربیع النور شریف، گیارہویں شریف، رمضان المبارک اور سفر مدینہ وغیرہ موقع کی مناسبت سے شخصیات کے گھروں پر اہم تنظیمی ذمہ داران کے ذریعے اجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب کرکے نیکی کی دعوت کی خوب خوب دھومیں مچائیں۔

﴿21﴾ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) شخصیات کو ہر ماہ ممکنہ صورت میں مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل، کیسیٹیں، vcd، (بالمشافہ یا ڈاک یا میل وغیرہ کے ذریعے) پہنچانے کی ترکیب بنائیں۔

☆ اگر کسی کابینات میں شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) میں سے کسی بھی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کا تقرر ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق متعلقہ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن کو "مدنی پھول برائے شعبۂ تعلیم" اچھی طرح سمجھا کر دینے کی ترکیب بنائیں۔

﴿22﴾ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا ملک سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں۔

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

☆ مدنی برقع کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔

☆ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماع اور تربیتی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے

اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ رضائے رب الانام کے مدنی کاموں پر عمل کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

☆ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔

☆ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

مَدَنی انعام نمبر 21: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

مَدَنی انعام نمبر 24: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا **معاذ اللہ** عَزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

﴿23﴾ پوچھ گچھ (FOLLOW UP)

فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ: "**پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے**"

(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران (علاقہ تا عالمی سطح) "مدنی پھول برائے شعبۂ تعلیم" میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یا نمایاں کرلیں تاکہ بروقت مدنی پھول پر عمل ہو سکے۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران(علاقہ تا عالمی سطح)"ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ (Followup) فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران(علاقہ تا عالمی سطح)"مدنی پھول برائے شعبہء تعلیم" مع ریکارڈ پیپرز Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ داران(علاقہ تا عالمی سطح) اپنی ماتحت ذمہ داران کے پُر شدہ "جدول" پُر شدہ "کارکردگی فارمز" Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ "مدنی پھول شعبۂ تعلیم" سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ "مدنی پھول شعبۂ تعلیم" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ شعبۂ تعلیم ذمہ دار اسلامی بہن(کابینات/کابینہ سطح)شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات ونوعیت کے مطابق ملکی کابینہ نگران اور شعبۂ تعلیم ذمہ دار(عالمی سطح) کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

مدینہ ! یاد رہے کہ ان مدنی پھولوں کی شرعی و تنظیمی تفتیش ہو چکی ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

دارالافتاء کے رابطہ نمبرز

نمبر شمار	نام دارالافتاء	ایڈریس	اوقات کار و تعطیل
1	دارالافتاءاہلسنت کنزالایمان	جامع مسجد کنزالایمان (بابری چوک) گرومندر باب المدینہ کراچی	10تا4 تعطیل جمعۃ المبارک
2	دارالافتاءاہلسنت نورالعرفان	جامع مسجد بخاری نزد پولیس چوکی کھارادر باب المدینہ کراچی	11تا5 تعطیل جمعۃ المبارک
3	دارالافتاءاہلسنت فیضان اجمیر	جامع مسجد رضائے مصطفی، بالمقابل موبائل مارکیٹ کورنگی نمبر4 باب المدینہ کراچی	12 تا 5 تعطیل جمعۃ المبارک
4	دارالافتاءاہلسنت باب الاسلام	آفندی ٹاؤن بالمقابل فیضان مدینہ، باب الاسلام (حیدرآباد)	11تا5 تعطیل جمعۃ المبارک
5	دارالافتاءاہلسنت رضویہ	جامع مسجد زینب، محمدیہ کالونی سوساں روڈ، مدینہ ٹاؤن سردارآباد (فیصل آباد)	10تا4 تعطیل جمعۃ المبارک
6	دارالافتاءاہلسنت ہجویری	نزد مکتبۃ المدینہ، گنج بخش مارکیٹ مرکز الاولیاء داتادربار مرکزالاولیاء (لاہور)	10تا4 تعطیل بروز اتوار
7	دارالافتاءاہلسنت مدنی	لطیف پلازہ (جیولری مارکیٹ) فرسٹ فلور فیروزہ پور روڈ اچھرہ مرکزالاولیاء (لاہور)	10تا4 تعطیل بروز اتوار
8	دارالافتاءاہلسنت حنفیہ	نزد جامع مسجد غوثیہ حاجی احمد جان بینک روڈ صدر (راولپنڈی)	11تا5 تعطیل جمعۃ المبارک
9	دارالافتاءاہلسنت طیبہ	نوری گیٹ نزد باٹا شوز، گلزار طیبہ (سرگودھا)	10تا4 تعطیل جمعۃ المبارک

دارالافتاء اہلسنت کے فون نمبرز اور ای میل ایڈریس

فون سروس کے اوقات کار	03000220113	03000220112	بالخصوص پاکستان اور دنیا بھر کے لئے
10pm تا 4 pm (وقفہ 1 تا 2، جمعۃ المبارک تعطیل)	03000220115	03000220114	بالخصوص پاکستان اور دنیا بھر کے لئے
پاکستان اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات، علاوہ جمعۃ المبارک)	0044 121 318 2692		بالخصوص یوکے اور دنیا بھر کے لئے
پاکستان اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات، علاوہ جمعۃ المبارک)	0015859020092		بالخصوص امریکہ اور دنیا بھر کے لئے
پاکستان اوقات کے مطابق 2pm تا 7pm (علاوہ نماز کے اوقات، علاوہ جمعۃ المبارک)	002703108135691		بالخصوص ساؤتھ افریقہ اور دنیا بھر کے لئے

E.mail: darulifta@dawateislami.net

Visit detail for Dar-ul-Madina

Doctor ::: Engineer ::: Student ::: Teacher ::: Other___________________

Name ____

Residential Address____

Official Address ____

College / University/ other institute ______________________________

E-mail __________________________________ Contact # _______________

Doctor ::: Engineer ::: Student ::: Teacher ::: Other___________________

Name ____

Residential Address____

Official Address ____

College / University/ other institute ______________________________

E-mail __________________________________ Contact # _______________

Doctor ::: Engineer ::: Student ::: Teacher ::: Other___________________

Name ____

Residential Address____

Official Address ____

College / University/ other institute ______________________________

E-mail __________________________________ Contact # _______________

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فیضان سنّت سے درس دینے کا طریقہ

(اسلامی بہنوں کے لئے)

درس دینے والی کے لئے ہدایات: درس دینے والی بریکٹ "(   )" میں جو تحریر ہے اسے پڑھ کر سنانے کے بجائے اس پر عمل کرے (تین بار اس طرح اعلان فرمایئے) قریب قریب تشریف لایئے (پردے میں پردہ کئے دوزانو بیٹھ کر اس طرح ابتداء کیجئے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

(اس کے بعد درود و سلام پڑھایئے)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰه
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰه
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰه
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَ اللّٰه

(پھر اس طرح کہیے!)

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! قریب قریب آکر درس کی تعظیم کی نیت سے ہو سکے تو دوزانو بیٹھ جایئے اگر تھک جائیں تو جس طرح آپ کو آسانی ہو اسی طرح بیٹھ کر نگاہیں نیچی کیے توجہ کے ساتھ فیضانِ سُنّت کا درس سنیئے کہ لاپرواہی کے ساتھ ادھر ادھر دیکھتے ہوئے، زمین پر انگلی سے کھیلتے ہوئے، لباس، بدن یا بالوں وغیرہ کو سہلاتے ہوئے سننے سے اس کی برکتیں زائل ہونے کا اندیشہ ہے۔

(بیان کے آغاز میں بھی اسی انداز میں ترغیب دلائیے) یہ کہنے کے بعد فیضانِ سنت سے دیکھ کر درود شریف کی ایک فضیلت بیان کیجئے، پھر کہیے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اداروں میں درس/ بیان کے موضوعات

(شعبۂ تعلیم کے لیے)

نمبر شمار	موضوعات	معاون مواد	تفصیلات
1	فیضانِ بسم اللہ	**کتب و رسائل**: ☆ فیضانِ بسم اللہ	متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔
2	فیضانِ اذان	**مدنی مذاکرہ**: 37,39,99,121,159 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ اذان کی برکتیں ☆ مسجد کی جماعت **کتب و رسائل**: ☆ فیضانِ اذان ☆ برے خاتمے کے اسباب	اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 4 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔
3	فیضانِ قرآن و تجوید کی اہمیت	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ چار مدنی پھول ☆ تلاوت کی فضیلت ☆ تلاوت کا مقصد **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ قرآن سیکھ لیجئے ☆ قرآن پڑھنے کے فضائل ☆ تلاوت کا انعام **کتب و رسائل**: ☆ مسافر کی نماز (حنفی) ☆ ملفوظاتِ عطاریہ 2، 3 ☆ تلاوت کی فضیلت (رسالہ) ☆ بہارِ شریعت حصہ 16 (کتاب)	تجوید سے قرآن پڑھنے کی اہمیت اُجاگر کی جائے، اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 33 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔
4	وضو کا طریقہ	**کتب و رسائل**: ☆ اسلامی بہنوں کی نماز ☆ وسوسے اور ان کا علاج	وضو کا مکمل طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے، اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 60 سے ہے رسالے سے پڑھ کر مدنی انعام سنایا جائے اور اس کی اہمیت بھی بتائی جائے۔
5	غسل کا طریقہ	**مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ نماز و طہارت ☆ غسل کا طریقہ **مدنی مذاکرہ**: 100 **کتب و رسائل**: ☆ انوکھی سزا ☆ غسل کا طریقہ ☆ پانی کے بارے میں اہم معلومات ☆ بہارِ شریعت حصہ 2 تخریج شدہ	اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 60 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔ اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔
6	نماز کے فضائل	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ نماز کے احکام (VCD) ☆ شانِ فاروقِ اعظم ☆ نماز اور طہارت ☆ قبولیت کی چابی **مدنی مذاکرہ**: 115, 145, 166, 174, 186 **کتب و رسائل**: ☆ نماز کا طریقہ ☆ قضاء نمازوں کا طریقہ ☆ بہارِ شریعت حصہ 3، 4 ☆ جنتی زیور ☆ اربعین حنفیہ (نماز کے متعلق 140 احادیث) ☆ جنت میں لے جانے والے اعمال ☆ مسافر کی نماز	اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 2، 60 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔

تفصیلات	معاون مواد	موضوعات	نمبر شمار
----	**کتب و رسائل:** ☆قضاء نمازوں کا طریقہ	قضاء نمازوں کا طریقہ	7
اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 60 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات:** ☆وضو کا طریقہ ☆وقت ایک سا نہیں رہتا ☆وضو اور اسراف **مدنی مذاکرہ:** 72, 92, 95, 106, 173, 174 **کتب و رسائل:** ☆وضو اور سائنس ☆وضو کا طریقہ ☆وسوسے اور ان کا علاج ☆پانی کے بارے میں اہم معلومات ☆ملفوظاتِ عطاریہ حصہ 1 ☆بہارِ شریعت حصہ 2	وضو اور سائنس	8
دعوتِ اسلامی کی مدنی بہاریں اور اجتماع کے فضائل کو بیان کرکے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی بھرپور ترغیب دلائی جائے۔	**مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات:** ☆خوش نصیب ڈاکو ☆علمِ دین کے حلقوں کے فضائل ☆اجتماع کی برکتیں ☆امیر اہلسنت اور دعوتِ اسلامی **کتب و رسائل:** ☆آدابِ مرشدِ کامل ☆مفتیٔ دعوتِ اسلامی ☆اسلامی زندگی ☆اچھے ماحول کی برکتیں ☆دعوتِ اسلامی کی بہاریں	اچھے ماحول کی برکتیں، دعوتِ اسلامی کی بہاریں	9
بیعت کے فضائل بیان کرکے سلسلہ قادریہ عطاریہ میں داخل ہونے کی ترغیب دلائی جائے۔	**مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات:** ☆مفتیٔ دعوتِ اسلامی ☆بیعت کی اہمیت ☆احسانِ مرشد ☆پیغامِ مرشد ☆پیارے مرشد **کتب و رسائل:** ☆شرح شجرہ شریف ☆آدابِ مرشدِ کامل ☆فیضانِ مرشد ☆چمکتی آنکھوں والے بزرگ ☆بہارِ شریعت حصہ 16	بیعت کے فضائل	10
حسبِ ضرورت اوراد و وظائف اور روحانی علاج کے فضائل بیان کرکے اچھی اچھی نیتیں کروائی جائیں۔	**کتب و رسائل:** ☆مدنی پنجسورہ ☆40 روحانی علاج ☆گھریلو علاج ☆شرح شجرہ عطاریہ (تخریج شدہ)	اوراد و وظائف کی برکات	11
پیٹ کا قفلِ مدینہ لگاتے ہوئے بھوک سے کم کھانے کے فضائل و طبّی فوائد بیان کیے جائیں اور متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں کروائی جائیں۔	**کتب و رسائل:** ☆پیٹ کا قفلِ مدینہ ☆گھریلو علاج ☆فرعون کا خواب	بھوک کے فضائل	12
زندگی کا احساس دلاتے ہوئے خوب خوب نیک اعمال بجالانے کی ترغیب دلائی جائے، فضول کاموں میں وقت گزارنے کے بجائے دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کی اہمیت و فضائل بیان کیے جائیں۔	**مدنی مذاکرہ:** 24 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات:** آقا صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم کا مدنی جدول ☆کامیاب اسلامی بھائی ☆احساسِ زندگی ☆مقصدِ حیات (vcd) **کتب و رسائل:** ☆انمول ہیرے ☆غفلت ☆پُراسرار خزانہ	وقت کی اہمیت	13

تفصیلات	معاون مواد	موضوعات	نمبر شمار
----	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆شہزادے کی توبہ ☆انوکھی توبہ ☆شانِ توبہ ☆ سچی توبہ کا انعام ☆توبہ کی برکت ☆ندامت کا صلہ **کتب و رسائل**:☆توبہ کی روایات وحکایات ☆نہر کی صدائیں ☆نیک بننے کا نسخہ ☆گناہوں کا علاج ☆گلوکار کی توبہ ☆ایک عیاش کی توبہ	توبہ کے فضائل نیک بننے کا نسخہ	14
----	**کتب و رسائل**:☆غصے کا علاج	غصے کا علاج	15
اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 28 سے ہے لٰہذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ماں باپ کو ستانا حرام ہے ☆والدین کے حقوق **مدنی مذاکرہ**: 24, 30, 66, 85 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ماں باپ کے حقوق ☆والدین کی نافرمانی کا انجام ☆ماں کی دعا کا اثر **کتب و رسائل**:☆والدین، زوجین اور اساتذہ کے حقوق ☆ جنتی زیور ☆سمندری گنبد (رسالہ)	والدین کے حقوق	16
اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆پڑوسی کی اہمیت ☆پڑوسی وہمسائے کے حقوق ☆چار مدنی پھول 9 **مدنی مذاکرہ**:122 **کتب و رسائل**:☆احترامِ مسلم (رسالہ) ☆بہارِ شریعت حصہ 16 ☆جہنم میں لے جانے والے اعمال	پڑوسیوں کے حقوق	17
غیبت کے گناہ سے بچنے کا طریقہ، اس کا علاج اور حل بھی بتایا جائے اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔۔اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 24، 38 سے ہے لٰہذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆غیبت کی بدبو ☆غیبت سے بچنے کا طریقہ **مدنی مذاکرہ**: 215, 219 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆غیبت کے خلاف اعلانِ جنگ **کتب و رسائل**:☆غیبت کی تباہ کاریاں	غیبت کی تباہ کاریاں	18
علمِ دین کے فضائل بیان کر کے سنتوں بھرے اجتماعات میں شرکت کرنے اور جامعۃ المدینہ میں داخلہ لے کر درسِ نظامی کا ذہن دیا جائے۔	**مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆علماءِ آخرت **کتب و رسائل**:☆راہِ علم ☆المعلم والمتعلم ☆کامیاب استاذ کون؟ ☆کامیاب طالِبعلم کون ☆شوقِ علمِ دین ☆رہنمائے مدرسین ☆لباب الاحیاء ☆جنت میں لے جانے والے اعمال ☆فیضانِ علم وعلماء	علمِ دین کے فضائل	19

تفصیلات	معاون مواد	موضوعات	نمبر شمار
اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات**: ☆ایمان کی سلامتی☆دلچسپ سوال وجواب کا مدنی مذاکرہ ☆چھ خطرات **مدنی مذاکرہ**: 67, 130, 134, 155 **کتب و رسائل**:☆گانے باجے کی ہولناکیاں☆ایمان کی حفاظت☆کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب	ایمان کی حفاظت کفریہ کلمات	20
اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔	**کتب و رسائل**:☆تنگدستی کے اسباب اور اس کا حل	تنگدستی کے اسباب اور اس کا حل	21
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	سرمہ لگانے کی سنتیں اور آداب	22
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	تیل لگانے کی سنتیں اور آداب	23
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	جوتے پہننے کی سنتیں اور آداب	24
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	سونے جاگنے کی سنتیں اور آداب	25
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	کھانا کھانے کی سنتیں اور آداب	26
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	چھینک و جماہی کا بیان	27
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	بات چیت کی سنتیں اور آداب	28
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	مہمان نوازی کی سنتیں اور آداب	29
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	گھر میں آنے جانے کی سنتیں اور آداب	30
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	سلام و مصافحہ کی سنتیں اور آداب	31
طریقہ اچھی طرح سمجھا کر بتایا جائے	**کتب و رسائل**:☆سنتیں و آداب☆101 مدنی پھول	پانی پینے کی سنتیں اور آداب	32

مدنی پھول: انگلش میڈیم اسکولز یا کالجز میں انگلش رسائل سے درس کی ترکیب بنائی جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اداروں میں مخصوص مدنی ماہ کی مناسبت سے

درس/ بیان کے موضوعات (شعبۂ تعلیم کے لیے)

نمبر شمار	موضوعات	معاون مواد	تفصیلات
1	محرم الحرام، فضائلِ عاشورہ، فضائلِ اہلبیت (محرم الحرام)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆حسینیت کسے کہتے ہیں؟☆شہادت کے بعد کے واقعات ☆یزیدیوں کا دردناک انجام☆کربلا کا تاراج کارواں☆یزید کے کارنامے **کتب و رسائل**: ☆سوانح کربلا☆امام حسین کی کرامات☆آئینۂ قیامت☆اسلامی زندگی☆کربلا کا خونیں منظر☆حسینی دولہا	اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔
2	سرکار صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کی آمد مرحبا، شانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم، اتباعِ سنت، درودِ پاک کے احکام و فضائل (ربیع النور)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆آقا صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کا بچپن شریف ☆جشنِ ولادت کے واقعات☆شہدائے فیضانِ مدینہ کی پہلی برسی **مدنی مذاکرہ**: 76، 152، 153، 154 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو بیانات** ☆ربیع النور شریف☆اللہ کا نور☆جشنِ ولادت **کتب و رسائل** ☆صبح بہاراں☆بڈھا پجاری☆ملفوظاتِ عطاریہ 3 ☆نور والا چہرہ	اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ بیان کے بعد نعت شریف بھی پڑھی جائے، صبح بہاراں رسالے کے آخر میں دیا گیا مکتوب سنایا جائے، بیان کے آخر میں لنگرِ رسائل کی ترغیب دلائی جائے۔
3	شانِ غوثِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ نسبت کی بہاریں، اولیاءِ کرام کا مقام (ربیع الغوث)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات:** ☆غوثِ اعظم کی ریاضتیں☆غوثِ پاک اور شیطان ☆غوثِ اعظم کے واقعات **مدنی مذاکرہ**: 13، 103 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆نیاز کی برکتیں☆تصرفاتِ اولیاء **کتب و رسائل**: ☆منے کی لاش☆جنات کا بادشاہ☆سانپ نما جن ☆غوثِ پاک کے حالات☆اللہ والوں کی باتیں	تجوید سے قرآن پڑھنے کی اہمیت اُجاگر کی جائے، اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 33 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔
4	معراج شریف (رجب المرجب)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆شبِ اسریٰ کا دولہا☆ذکرِ شبِ معراج ☆ہولناک سزائیں☆رنگ برنگے مدنی پھول **کتب و رسائل**: فیضانِ معراج	اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس مقدس شب کی نسبت سے 27 گھنٹے قفلِ مدینہ لگانے اور نذر و نیاز کرنے کی ترغیب بھی دی جائے بیان کے بعد قصیدۂ معراجیہ بھی پڑھا جائے۔
5	شبِ براءت (شعبان المعظم)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆محرومانِ شبِ براءت ☆کینے کی تعریف **مدنی مذاکرہ**: 12، 124، 207 **مکتبۃ المدینہ کا آڈیو یا ویڈیو بیان** تہمت کا بیان **کتب و رسائل**: ☆شیطان کے چار گدھے ☆جنتی زیور☆بہارِ شریعت حصہ 16☆بغض و کینہ	اس موضوع کا تعلق مدنی انعام 38 سے ہے لہٰذا یہ مدنی انعام پڑھ کر اس کی اہمیت بتائی جائے۔ اس بیان میں متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔ اس مقدس شب کی نسبت سے 15 گھنٹے کا قفلِ مدینہ لگانے اور نذر و نیاز کرنے کی ترغیب بھی دی جائے بیان کے بعد دنیا کی مذمت یا موت پر عبرتناک کلام بھی پڑھا جائے۔

6	راہِ خدا میں کرچ کرنے کے فضائل، فضائلِ زکوٰۃ (رمضان المبارک)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆موئے مبارک اور زکوٰۃ کا بیان ☆زکوٰۃ کے مسائل **مدنی مذاکرہ**: 23، 28، 101، 102، 107 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆مدنی انقلاب ☆صدقے کا انعام **کتب و رسائل**: ☆فضائلِ صدقات ☆مدینے کی مچھلی ☆راہِ خدا میں کرچ کرنے کے فضائل ☆قضاء نمازوں کا طریقہ ☆دعوتِ اسلامی کا تعارف ☆دعوتِ اسلامی کی جیل خانہ جات میں خدمات ☆فیضانِ امیر اہلسنت ☆دعوتِ اسلامی کی مدنی بہاریں ☆خوش نصیب مریض ☆بدنصیب دولہا ☆قبرستان کی چڑیل ☆فیضانِ زکوٰۃ ☆چندے کے بارے میں سوال وجواب ☆بہارِ شریعت حصہ 15	اپنے لیے ثوابِ جاریہ کے حصول کے لیے نفلی صدقات دعوتِ اسلامی کو دینے کا ذہن دیا جائے دعوتِ اسلامی کے مصارف اور مختلف شعبہ جات میں دعوتِ اسلامی کی خدمات بیان کر کے اپنی زکوٰۃ، صدقات اور فطرہ وغیرہ دعوتِ اسلامی کو دینے کا ذہن دیا جائے اس کے علاوہ سوال کی مذمت بھی بتائی جائے۔
7	فیضانِ رمضان (رمضان المبارک)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆استقبالِ رمضان **مدنی مذاکرہ**: 46، 178، 180 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ **کتب و رسائل**: ☆فیضانِ رمضان ☆جنت میں لے جانے والے اعمال ☆مدنی پنجسورہ	----
8	فیضانِ عید الفطر (رمضان المبارک)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆عید کس طرح منائیں ☆غوثِ اعظم کی عید ☆فاروقِ اعظم کی عید **کتب و رسائل**: ☆فیضانِ رمضان	عید کس طرح منائی جائے؟ اسلاف کرام رحمھم اللہ کے واقعات بیان کر کے عید منانے کا صحیح انداز بیان کیا جائے اور اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔
9	حج کا بیان (ذوالحجۃ الحرام)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆حاجیوں کی حکایتیں ☆ایک سو حج کا ثواب ☆عاشقوں کا حج مدنی مذاکرہ: 88، 93، 97، 98 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆مبارک سفر **کتب و رسائل**: ☆جنت میں لے جانے والے اعمال ☆جنتی زیور ☆رفیق الحرمین ☆عاشقانِ رسول کی 130 حکایات مع مکے مدینے کی زیارتیں	اس بیان میں موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں، "رفیق الحرمین" اور " عاشقانِ رسول کی 130 حکایات مع مکے مدینے کی زیارتیں" کا مطالعہ کرنے اور اپنے عزیزوں کو تحفۃً دینے کی ترغیب دلائی جائے۔
10	قربانی کے فضائل (ذوالحجۃ الحرام)	**امیرِ اہلسنّت کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆اعلیٰ حضرت اور تعظیمِ ساداتِ کرام ☆فضائلِ قربانی ☆عید الاضحیٰ **مدنی مذاکرہ**: 98، 114، 116، 120 **مکتبۃ المدینہ کے آڈیو یا ویڈیو بیانات** ☆بیٹے کی قربانی **کتب و رسائل**: ☆بیٹا ہو تو ایسا	متعلقہ موضوع کے حوالے سے اچھی اچھی نیتیں بھی کروائی جائیں۔

مدنی پھول: انگلش میڈیم اسکولز یا کالجز میں انگلش رسائل سے درس کی ترکیب بنائی جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مدنی پھول برائے مبلغہ

اللہ عزوجل اس سے پہلے ایماں پہ موت دے دے

نقصاں میرے سبب سے ہو سنّتِ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کا (وسائلِ بخشش)

﴿1﴾ "**فیضانِ سنت سے درس دینے کا طریقہ**(اسلامی بہنوں کے لیے)" کے مطابق درس کی ترکیب بنائی جائے۔(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿2﴾ بیان تیار کرنے کے سلسلے میں مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے والے بالخصوص شیخِ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی کتب و رسائل مثلاً فیضانِ سنّت کے نئے ابواب "غیبت کی تباہ کاریاں" ، "نیکی کی دعوت" وغیرہ نیز بیانات اور مدنی مذاکرات سے بھی مدد لی جائے۔

﴿3﴾ بیان کی ہر بات باحوالہ ہو۔

﴿4﴾ بیان میں قرآنِ پاک کا ترجمہ صرف کنزالایمان سے ہی لیا جائے۔(عربی نہ پڑھی جائے صرف ترجمہ ہی بیان کیا جائے)

﴿5﴾ بیان اس طرح ترتیب دیا جائے کہ دورانِ بیان وقتاً فوقتاً کم از کم "3" بار تو اجتماع میں شرکت کا ذہن بنایا جائے کہ اگر ہم پابندی کے ساتھ اجتماع میں آتے رہیں گے تو اچھی اچھی باتیں سیکھتے رہیں گے۔اِنْ شَاءَ اللہ عزوجل

﴿6﴾ موقع کی مناسبت سے مدنی انعامات پر عمل کی ترغیب کے ساتھ ساتھ ہر ماہ رسالہ جمع کروانے کا ذہن بھی دیا جائے۔

﴿7﴾ بیان کو اختتام کی طرف لاتے ہوئے ایک سنّت مختصراً بتائی جائے نیز موقع کی مناسبت سے 6 مدنی اصولوں کا تذکرہ بھی کیا جائے۔

﴿8﴾ دیکھ کر ہی بیان کیا جائے "غیر عالم کو بے دیکھے قرآن و حدیث کی تفسیر و شرح کرنا اگرچہ صحیح ہو، شرعاً اس کی اجازت نہیں ہے۔" (حوالہ: پردے کے بارے میں سوال وجواب ملخصًا ص252)

﴿9﴾ دعوتِ اسلامی کی مخصوص "**اصطلاحات**" اور تلفظ کی درستی کا ضرور خیال رکھا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿10﴾ درس یا بیان اچھی طرح تیاری کرنے کے بعد کیا جائے اور پہلے سے کم از کم "3" بار ضرور پڑھ لیا جائے۔

﴿11﴾ ریڈنگ والا انداز اختیار نہ کیا جائے بلکہ سمجھانے والا انداز ہو۔

﴿12﴾ ضرورتاً سنتوں کا عملی طریقہ بتایا جائے اور ہر بار پچھلی مرتبہ سکھائی گئی سنت کی مختصر دہرائی کرواکر اس حوالے سے پوچھنے کی ترکیب بنائی جائے تاکہ شرکاءِ اجتماع میں عمل کا جذبہ پیدا ہو۔

﴿13﴾ مقولہ ہے: **"لوگوں سے اُن کی عقلوں کے مطابق کلام کرو"** لہٰذا سنتیں سکھاتے وقت اس بات کا دھیان رکھا جائے کہ پیوند والے لباس، پلیٹ چاٹنا، چٹائی پر سونا وغیرہ کے فضائل ابتداءً بیان نہ کیے جائیں بلکہ ان کو بتدریج بیان کیا جائے۔ اسی طرح گانے باجے اور بے پردگی کی تباہ کاریاں وغیرہ پر بھی ابتداءً بیان نہ کیا جائے بہتر ہے کہ اس طرح کے موضوعات ہوں مثلاً نماز، وضو اور سائنس، توبہ، نیک بننے کا نسخہ، علمِ دین کے فضائل اور اجتماع کی برکتیں وغیرہ۔

﴿14﴾ ادارے میں ہونے والے درس اجتماع میں اگر کافر عورتیں (عیسائی وغیرہ) بھی شرکت کریں اور درس و بیان وغیرہ میں دلچسپی لیں تو ان پر خصوصی توجہ دے کر "دعوتِ اسلام" پیش کی جائے۔

